آڈٹ بیورو آف سرکولیشن (ABC) وزارت اطلاعات ونشریات سے باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

DAILY NAWA-E-AHMEDPUR SHARQIA

رجسٹرڈ نمبر 243

روزنامہ

نوائے احمد پور شرقیہ

بہاولپور

چیف ایڈیٹر
احسان احمد سحر

ایڈیٹر
محمد سلیمان فاروقی

منیجنگ ایڈیٹر
انجم النساء بخاری

ٹیلیفون نمبر 062-2508053
موبائل 0301-7740405

E-mail: nawaiahmedpur@gmail.com, daily.nawaiahmedpur@gmail.com

جلد نمبر 16 | ہفتہ 18 جون 2022ء قیمت فی شمارہ 10 روپے زرسالانہ 3 ہزار روپے | شمارہ نمبر 100

پاکستان کو فی الحال گرے لسٹ سے نہیں نکالا جارہا، ایف اے ٹی ایف

اسلام آباد نے 34 نکات پر مشتمل 12 ایکشن پلان کے تمام نکات پر عمل کرلیا ہے، پاکستان کو گرے لسٹ سے نکالنے کا فیصلہ جائزہ ٹیم کی رپورٹ کے بعد کیا جائے گا

ایف اے ٹی ایف کا چار روزہ اجلاس منگل کو جرمنی کے شہر برلن میں شروع ہوا، ایف اے ٹی ایف کے 206 ارکان اور مبصرین کی نمائندگی کرنیوالے مندوبین مکمل اجلاس میں شرکت کی

برلن (مانیٹرنگ ڈیسک) فنانشل ایکشن ٹاسک فورس (ایف اے ٹی ایف) کے صدر ڈاکٹر مارکس نے کہا ہے کہ فی الحال پاکستان کو گرے لسٹ سے نہیں نکالا جارہا، اسلام آباد نے 34 نکات پر مشتمل 12 ایکشن پلان کے تمام نکات پر عمل کرلیا ہے۔ پاکستان کو گرے لسٹ سے نکالنے کا فیصلہ جائزہ ٹیم کی رپورٹ کے بعد کیا جائے گا۔ ٹیم جلد دورہ کرے گی۔ ایف اے ٹی ایف کا چار روزہ اجلاس منگل کو جرمنی کے شہر برلن میں شروع ہوا، ایف اے ٹی ایف کے 206 ارکان اور مبصرین کی نمائندگی کرنے والے مندوبین مکمل اجلاس میں شرکت کی، مبصرین میں انٹرنیشنل مانیٹری فنڈ) آئی

بقیہ نمبر 1 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

کراچی، محکمہ موسمیات نے مون سون بارش کے پہلے اسپیل کی پیشگوئی کردی

کراچی (یواین پی) شہر قائد کے باسیوں

بقیہ نمبر 4 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

انجینئر پروفیسر ڈاکٹر اطہر محبوب وائس چانسلر اسلامیہ یونیورسٹی کا نیشنل انسٹیٹیوٹ آف ہیلتھ اسلام آباد کا دورہ

سانپ کے زہر کے تریاق کے لیے سنیک ونیم سریپ کی تیاری میں اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور سے تحقیق میں تعاون پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا

انجینئر پروفیسر ڈاکٹر اطہر محبوب وائس چانسلر آئی یو بی نیشنل انسٹیٹیوٹ آف ہیلتھ اسلام آباد کے دورے کے موقع پر ایگزیکٹو ڈائریکٹر میجر جنرل پروفیسر امیر اکرام سے ملاقات کررہے ہیں۔

بہاولپور (پ ر) انجینئر پروفیسر ڈاکٹر اطہر محبوب وائس چانسلر اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور نے نیشنل انسٹیٹیوٹ آف ہیلتھ اسلام آباد کا دورہ کیا

بقیہ نمبر 2 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

3 روز کے اندر پلان آف ایکشن پیش کرنے کی ہدایت

حمزہ شہباز کا عام آدمی کو سستے دالوں، پکن آئیٹمز کی فراہمی کا پروگرام

مہنگائی کے باعث عوام کی مشکلات کا ادراک ہے، آٹے اور گندم کی سمگلنگ روکنے کیلئے پنجاب کے خارجی راستوں کی کڑی نگرانی کی جائے، وزیراعلیٰ کا اجلاس سے خطاب

لاہور (بیورو چیف) وزیراعلیٰ پنجاب حمزہ شہباز نے سستے آٹے کے بعد عام آدمی کو سستے داموں پکن آئیٹمز کی فراہمی کے پروگرام کے حوالے سے ہدایت کی ہے کہ 3 روز کے اندر پلان آف ایکشن پیش کیا جائے۔ وزیراعلیٰ حمزہ

بقیہ نمبر 3 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

لانگ مارچ میں توڑ پھوڑ کیس، پی ٹی آئی رہنماؤں کی ضمانتوں میں 28 جون تک توسیع

لاہور (یواین پی) انسداد دہشت گردی عدالت نے 25 مئی کو لانگ مارچ کے دوران توڑ

بقیہ نمبر 10 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ہائی وے پر لین خلاف کی ورزی اور ہیلمٹ کے استعمال سے متعلق اہم کامیابی سے جاری

اوکاڑہ (یواین پی) ڈی آئی جی نیشنل ہائی ویز موٹروے پولیس N5 سنٹرل زون محبوب اسلم

بقیہ نمبر 11 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

مہنگائی میں مزید اضافہ، مجموعی شرح 27.82 فیصد ہوگئی

ایک ہفتے میں 36 اشیا مہنگی، 6 سستی، 9 کی قیمتوں میں استحکام رہا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) ملک بھر میں مہنگائی کی شرح میں مزید اضافہ ہوگیا جبکہ مجموعی شرح 27 اعشاریہ 82 فیصد ہوگئی۔ ادارہ شماریات کی جانب سے جاری کردہ اعداد وشمار کے مطابق ہفتہ وار بنیادوں پر مہنگائی میں 3 اعشاریہ

بقیہ نمبر 13 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

خوردنی تیل کی درآمد کے بروقت انتظامات سے ملک میں بحران کا خطرہ ٹل گیا، وزیراعظم

ڈھائی لاکھ میٹرک ٹن خوردنی تیل پاکستان کو ملے گا، تیل مقامی سطح پر قیمتوں میں کمی آئے گی

اسلام آباد (یواین پی) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ انڈونیشیا سے خوردنی تیل کی درآمد کے انتظامات سے ملک میں بحران کا خطرہ ٹل گیا، دوست ملک سے ڈھائی لاکھ میٹرک ٹن خوردنی تیل پاکستان کو ملے گا، تیل کی درآمد سے

بقیہ نمبر 5 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

پیپلز پارٹی کی اہم کارکن نڈر خاتون فوزیہ وہاب کے انتقال کو 10 برس بیت گئے

کراچی (یواین پی) پاکستان پیپلز پارٹی کی اہم کارکن اور ہر موقع پر پارٹی کا دفاع کرنے والی نڈر خاتون فوزیہ وہاب کی 10 ویں برسی منائی گئی، تفصیلات کے مطابق پیپلز پارٹی کی نڈر، باہمت اور وفادار کارکن فوزیہ وہاب 17 جون 2012 کو

بقیہ نمبر 8 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

پنجاب، خیبر پختونخوا اور آزاد کشمیر میں زلزلے کے جھٹکے، شہریوں میں خوف وہراس

زلزلہ پیما مرکز کے مطابق ریکٹر اسکیل پر زلزلے کی شدت 5 ریکارڈ کی گئی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پنجاب، خیبر پختونخوا اور آزاد کشمیر سمیت ملک کے مختلف حصوں میں زلزلے کے شدید جھٹکے محسوس کیے گئے، شہریوں میں شدید خوف وہراس پھیل گیا۔ ذرائع کے مطابق پنجاب کے شہر اسلام آباد، راولپنڈی، سمیت ملک کے مختلف حصوں میں زلزلے کے شدید جھٹکے محسوس کیے گئے ہیں۔ شانگلہ، صوابی،

بقیہ نمبر 6 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ٹریفک حادثہ، دانیال عزیز کی اہلیہ نے عوام سے دعاؤں کی اپیل کردی

سروسز ہسپتال کے ڈاکٹرز علاج کررہے ہیں،

ہمیں اس وقت عوام کی دعاؤں کی ضرورت ہے۔ مہناز اکبر کی میڈیا سے گفتگو

لاہور (یواین پی) ٹریفک حادثے میں زخمی ہونے والے مسلم لیگ ن کے رہنماء دانیال عزیز کی اہلیہ نے عوام سے دعاؤں کی اپیل کردی۔ میڈیا

بقیہ نمبر 7 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ملکی معیشت کی مضبوطی اور استحکام کیلئے کاروباری سرگرمیوں کا فروغ ناگزیر ہے

گورنر پنجاب محمد بلیغ الرحمان سے وہاڑی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے وفد کی ملاقات

لاہور (نامہ نگار) گورنر پنجاب محمد بلیغ الرحمان سے آج گورنر ہاؤس لاہور میں وہاڑی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے وفد نے صدر

بقیہ نمبر 9 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

آئی ایم ایف پروگرام کی بحالی کیلئے امریکا سے مدد طلب

گزشتہ روز حکومت کی اقتصادی ٹیم نے پاکستان میں امریکی سفیر ڈونلڈ بلوم سے ملاقات کی اور اس ضمن میں ان سے مدد کی درخواست کی

ملاقات میں ہونے والی گفتگو سے واقف کم از کم 2 افراد نے ایکسپریس ٹریبیون کو بتایا کہ امریکی سفیر کو آئی ایم ایف پروگرام کی بحالی اور معاشی استحکام کیلئے اٹھائے جانے والے اقدامات سے آگاہ کیا گیا ہے البتہ وزارت خزانہ نے سرکاری طور پر ابھی اس معاملے پر کوئی تبصرہ نہیں کیا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان نے آئی ایم ایف قرضہ پروگرام کی بحالی کیلئے امریکا سے مدد طلب کرلی ہے کیونکہ حکومت کی طرف سے اب تک کیے گئے بہت سخت اقدامات کے باوجود عالمی مالیاتی ادارہ ابھی تک اسٹاف لیول معاہدے پر راضی نہیں ہورہا۔ گزشتہ روز حکومت کی اقتصادی ٹیم نے پاکستان میں امریکی سفیر ڈونلڈ بلوم سے ملاقات کی اور اس ضمن میں ان سے مدد کی درخواست کی۔ ملاقات میں ہونے والی گفتگو سے واقف کم از کم 2 افراد نے ایکسپریس ٹریبیون کو بتایا کہ امریکی سفیر کو آئی ایم ایف پروگرام کی بحالی اور معاشی استحکام کیلئے اٹھائے جانے والے اقدامات سے آگاہ کیا گیا ہے البتہ وزارت خزانہ نے سرکاری طور پر ابھی اس معاملے پر کوئی تبصرہ نہیں کیا۔ امریکی سفیر سے ملنے والی پاکستانی ٹیم میں وفاقی وزیر خزانہ عائشہ غوث پاشا شامل تھیں۔ واضح رہے امریکا آئی ایم ایف میں سب سے بڑا شراکت دار ملک ہے اور وہ ماضی میں بھی پاکستان کو جاری ہونے والے فنڈز پروگراموں میں اس کی مدد کرتا رہا ہے۔ اس

بقیہ نمبر 12 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

کرپشن کیسز کی تفتیش کرنیوالوں کی اچانک اموات پر سوالات تو اٹھتے ہیں، عمران خان

جب تبدیلی سرکار کی امریکی سازش کے ذریعے مسلط کئے جانے والے امپورٹڈ کرائم منسٹر اور اسکے مجرم حواریوں کا جتھا اپنی کرپشن اور منی لانڈرنگ بچانے کیلئے

مافیاز کے سے ہتھکنڈے استعمال کرتے ہیں تو گواہان اور تفتیش کاروں کی اچانک اموات پر سوالات تو اٹھتے ہیں

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) سابق وزیراعظم عمران خان نے کہا ہے کہ شہباز شریف کیخلاف کرپشن کیسز کی تفتیش کرنے والوں کی اچانک اموات پر سوالات تو اٹھتے ہیں۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹویٹر پر پاکستان تحریک انصاف (پی

بقیہ نمبر 15 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

کمشنر بہاول پور کا چائلڈ پروٹیکشن اینڈ ویلفیئر بیورو بہاول پور کا دورہ

ادارہ میں مقیم بے سہارا بچوں کو فراہم کی جانے والی سہولیات کا معائنہ کیا

بہاول پور (پ ر) کمشنر بہاول پور ڈویژن راجہ جہانگیر انور نے چائلڈ پروٹیکشن اینڈ ویلفیئر بیورو بہاول پور کا دورہ کیا اور ادارہ میں مقیم بے

بقیہ نمبر 16 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبادت نثار کی اپنے دفتر میں کھلی کچہری

متعدد شہریوں کی شرکت، متعلقہ افسران کو درخواستوں پر کارروائیوں کے احکامات جاری

بہاول پور (پ ر) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبادت نثار کی اپنے دفتر میں کھلی کچہری، متعدد شہریوں کی شرکت، متعلقہ افسران کو درخواستوں پر کارروائیوں کے احکامات جاری، ڈی پی او کی ہدایت پر ایس ڈی پی او زاور ایس ایچ اوز کی اپنے

بقیہ نمبر 17 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

جانوروں کی مہلک بیماری لیمپی وائرس خطرناک وبائی شکل اختیار کرگئی

درجنوں کی تعداد میں گائے بھینسیں اور بیل ہلاک ہونے کی مبینہ اطلاعات ہیں

مال مویشی پال حضرات شدید پریشانی کا شکار ہیں

اوچ شریف (نامہ نگار) اوچ شریف شہر سمیت بیٹ احمد بختیاری سرور آباد ترنڈ بشارت دھوڑکوٹ و دیگر دیہی علاقوں میں جانوروں کی مہلک بیماری لمپی وائرس خطرناک وبائی شکل اختیار کرگئی ہے درجنوں کی تعداد میں گائے بھینسیں اور بیل ہلاک ہونے کی مبینہ اطلاعات ہیں مال

بقیہ نمبر 31 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ملک بھر میں بجلی کا شارٹ فال 7 ہزار 577 میگاواٹ ہوگیا ہے، پاور ڈویژن

دیہی اور شہری علاقوں میں لوڈشیڈنگ شیڈول میں فرق سے بجلی کی تقسیم متاثر ہورہی ہے

اسلام آباد (یواین پی) ملک بھر میں بجلی کا شارٹ فال 7 ہزار 577 میگاواٹ ہوگیا ہے ذرائع پاور ڈویژن کے مطابق بجلی کا پیداواری شارٹ فال 5 ہزار 577 میگاواٹ اور ڈسٹری بیوشن شارٹ فال 2 ہزار میگاواٹ ہے۔ دیہی اور

بقیہ نمبر 30 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

وفاقی وزارت قومی صحت نے ڈاکٹر شبانہ سلیم کو ڈائریکٹر جنرل ہیلتھ تعینات کردیا

اسلام آباد (یواین پی) وفاقی وزارت قومی صحت نے ڈاکٹر شبانہ سلیم کو ڈائریکٹر جنرل ہیلتھ تعینات کردیا جنہوں نے اپنے عہدے کا چارج

بقیہ نمبر 29 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

کراچی ضمنی الیکشن میں ہنگامہ آرائی پر 258 افراد کو گرفتار کرلیا گیا

گرفتار افراد کے خلاف مقدمات درج، دہشت گردی کی دفعات بھی شامل، کراچی پولیس

کراچی (یواین پی) پولیس نے کراچی کے حلقہ این اے 240 میں ضمنی انتخاب کی پولنگ کے دوران ہنگامہ آرائی میں ملوث 258 افراد گرفتار کرکے مقدمات درج کرلیے ہیں، جن میں دہشت گردی کی دفعات بھی شامل کی گئی ہیں۔ پولیس ترجمان کے مطابق گزشتہ روز کورنگی میں ہنگامہ آرائی میں ملوث افراد کی گرفتاری عمل میں

بقیہ نمبر 28 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

گستاخانہ بیان دینے والی نوپور شرما روپوش؛ پولیس گرفتاری میں ناکام

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں گستاخانہ بیان دینے والی بھارتیہ جنتا پارٹی کی ترجمان نوپور شرما

گزشتہ 5 روز سے لاپتہ ہیں اور تاحال پولیس تمام تر کوششوں کے باوجود سراغ لگانے میں ناکام رہی ہے

دہلی (مانیٹرنگ ڈیسک) نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں گستاخانہ بیان دینے والی بھارتیہ جنتا پارٹی کی ترجمان نوپور شرما گزشتہ 5 روز سے لاپتہ ہیں اور تاحال پولیس تمام تر کوششوں کے باوجود سراغ لگانے میں ناکام رہی ہے۔ انڈیا ٹوڈے کے مطابق ممبئی پولیس کی ایک ٹیم پانچ روز قبل نوپور شرما کو گرفتار کرنے دہلی پہنچی تھی۔ یہ ٹیم بی جے پی کی خاتون ترجمان کے خلاف گستاخانہ بیان پر درج مقدمے کے سلسلے میں ان سے تفتیش کے لیے آئی تھی تاہم اب تک نوپور شرما کو ڈھونڈنے میں ناکام رہی ہے۔ ممبئی پولیس کا کہنا ہے کہ بی جے پی کی ترجمان لاپتہ ہیں اور ان سے رابطے

بقیہ نمبر 27 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

انرجی بچت ضلع بھر میں دکانیں اور مارکیٹس رات 9 بجے بند کی جائیں گی

ڈپٹی کمشنر بہاولپور عرفان علی کاٹھیا

بجلی کی بچت کے حوالہ سے انجمن تاجران کے نمائندگان اپنا کردار ادا کریں۔ ڈپٹی کمشنر کا انرجی کی بچت کے حوالہ سے منعقدہ اجلاس سے خطاب



بہاول پور (پ ر) ڈپٹی کمشنر بہاول پور عرفان علی کاٹھیا نے کہا ہے کہ حکومت کی ہدایت کے مطابق انرجی بچت کے لئے اقدامات کئے جا رہے ہیں۔ اس سلسلہ میں ضلع بھر میں دکانیں اور مارکیٹس رات 9 بجے بند کی جائیں گی جبکہ شادی ہال اور ریستوران رات 11 بجے بند ہوں گے۔ وہ دفتر کے میٹنگ روم میں انرجی کی بچت کے حوالہ سے منعقدہ اجلاس سے خطاب کررہے تھے۔ اس موقع

بقیہ نمبر 14 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

زیادتی سے بچنے کی کوشش لڑکی نے تیزاب پی لیا

کراچی (یواین پی) خیرپور میں زیادتی سے بچنے کی کوشش کرتے ہوئے لڑکی نے مبینہ طور پر تیزاب پی لیا، متاثرہ لڑکی کو تشویش ناک حالت

بقیہ نمبر 19 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

وزارت ریلوے نے ہفتے کی چھٹی ختم کردی

لاہور (یواین پی) وزارت ریلوے نے نوٹیفکیشن جاری کردیا جس کے تحت محکمہ ریلوے میں ہفتے میں 6 روز کام ہوگا، محکمہ ریلوے کے لیے

بقیہ نمبر 20 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

اپنی دوکانوں کے آگے میٹریل رکھنا شروع کردیا

اوچ شریف شہر میں ٹی آر، گارڈ راور بجری سمیت دیگر تعمیراتی سامان کی شاپس مالکان نے سڑک کنارے

ٹریفک کی روانی متاثر، گاڑی سواروں سمیت پیدل راہ گیروں کو آمدورفت میں شدید دقت کا سامنا

ٹریفک جام رہنا معمول، حادثات کا خدشہ، شہریوں میں تشویش، اصلاح احوال کا مطالبہ

اوچ شریف: احمد پور شرقیہ روڈ پر دوکانداروں نے تعمیراتی سامان دوکان کے آگے سڑک پر رکھا ہوا ہے

اوچ شریف (نامہ نگار) اوچ شریف شہر میں ٹی آر، گارڈ راور بجری سمیت دیگر تعمیراتی سامان کی شاپس مالکان نے سڑک کنارے اپنی دوکانوں کے آگے میٹریل رکھنا شروع کردیا، ٹریفک کی روانی متاثر، گاڑی سواروں سمیت پیدل راہ گیروں کو آمدورفت میں شدید دقت کا سامنا، ٹریفک جام رہنا معمول، حادثات کا خدشہ، شہریوں میں تشویش، اصلاح احوال کا مطالبہ۔ تفصیل کے مطابق

بقیہ نمبر 18 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ٹریفک حادثے میں زخمی ہونیوالے دانیال عزیز کی حالت تسلی بخش قرار

دانیال عزیز کے سٹی اسکین سمیت دیگر ضروری ٹیسٹ کروائے گئے ہیں

لاہور (یواین پی) ٹریفک حادثے میں زخمی ہونے والے پاکستان مسلم لیگ ن کے رہنماء دانیال عزیز کی حالت سے متعلق ڈاکٹروں کا موقف آگیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق سروسز ہسپتال کے ایم ایس ڈاکٹر عامر مفتی نے کہا کہ

بقیہ نمبر 21 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

عمران خان معاشی تباہی کی ذمہ داری کا اعتراف کرکے معافی مانگیں، مریم اورنگزیب

ہم عمران خان کی مہنگائی کی لگائی آگ کو بجھائیں گے

اسلام آباد (یواین پی) وفاقی وزیر اطلاعات مریم اورنگزیب نے کہا ہے کہ عمران خان کی مہنگائی کی لگائی آگ کو بجھائیں گے۔ عمران خان معاشی تباہی کی ذمہ داری کا اعتراف کرکے معافی مانگیں۔ وفاقی وزیر اطلاعات مریم

بقیہ نمبر 22 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

بہاولپور: کمشنر بہاولپور ڈویژن راجہ جہانگیر انور چائلڈ پروٹیکشن اینڈ ویلفیئر بیورو میں مقیم بچوں سے گفتگو کررہے ہیں، ڈسٹرکٹ آفیسر وانچارج چائلڈ پروٹیکشن اینڈ ویلفیئر بیورو نوشابہ ملک ساتھ بیٹھی ہیں۔

منی لانڈرنگ کیس: مونس الٰہی نے جواب جمع کرادیا، الزامات بے بنیاد قرار

مونس الٰہی مبینہ منی لانڈرنگ کیس میں دوسری بار ایف آئی اے میں پیش ہوئے

لاہور (یواین پی) مسلم لیگ (ق) کے رہنما اور رکن قومی اسمبلی مونس الٰہی نے منی لانڈرنگ کیس میں ایک صفحے پر مشتمل تحریری جواب ایف آئی اے کو جمع کرادیا جس میں انہوں نے خود پر عائد تمام الزامات کو بے بنیاد قرار دیا ہے۔ مونس

بقیہ نمبر 23 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

رکن قومی اسمبلی سائرہ بانو نے پیٹرول کارڈ قومی اسمبلی سیکریٹریٹ کو واپس کردیا

دیہاڑی دار اور رکشہ والے خودکشی کررہے ہیں، میں یہ مراعات کیسے لے سکتی ہوں

اسلام آباد (یواین پی) رکن قومی اسمبلی سائرہ بانو نے پیٹرول کارڈ قومی اسمبلی سیکریٹریٹ کو واپس کردیا۔ تفصیلات کے مطابق پیٹرول کی

بقیہ نمبر 26 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

آئی سی سی ون ڈے رینکنگ میں پاکستان تیسرے نمبر پر آگیا

آئی سی سی کی نئی جاری کردہ رینکنگ کے مطابق سری لنکا کے خلاف پانچ میچوں کی سیریز کے دوسرے میچ میں آسٹریلوی ٹیم

کی شکست کے بعد رینکنگ میں تنزلی ہوئی ہے، جس کا فائدہ پاکستان اور قومی ٹیم چوتھے سے تیسرے نمبر پر پہنچ گئی

دبئی (مانیٹرنگ ڈیسک) انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (آئی سی سی) کی ون ڈے رینکنگ میں پاکستان کرکٹ ٹیم نے اپنی پوزیشن مزید مستحکم کرلی۔ آئی سی سی کی نئی جاری کردہ رینکنگ کے مطابق سری لنکا کے خلاف پانچ میچوں کی سیریز کے دوسرے میچ میں آسٹریلوی ٹیم کی شکست کے بعد رینکنگ میں تنزلی ہوئی ہے جس کا فائدہ پاکستان اور قومی ٹیم چوتھے سے تیسرے نمبر پر پہنچ گئی۔ پاکستان نے ویسٹ انڈیز کو ہوم گراؤنڈ پر تین میچ سوئپ کرکے ون ڈے رینکنگ میں بھارت سے

بقیہ نمبر 24 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

آر پی او صادق علی ڈوگر کی نماز جمعہ کی ادائیگی کے بعد جامع مسجد الشمس میں کھلی کچہری

عوام الناس کے مسائل کے حل کیلئے تینوں اضلاع میں کھلی کچہریاں لگائی جارہی ہیں۔ آر پی او صادق علی ڈوگر

بہاولپور: ریجنل پولیس آفیسر صادق علی ڈوگر جامع مسجد الشمس رفیع قمر روڈ میں کھلی کچہری کررہے ہیں، ڈی پی او عبادت نثار بھی موجود ہیں۔

بہاولپور (پ ر) ریجنل پولیس آفیسر صادق علی ڈوگر نے نماز جمعہ کی ادائیگی کے بعد جامع مسجد الشمس رفیع قمر روڈ بہاولپور میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا۔ تفصیل کیمطابق شہریوں کو ان کی دہلیز پر انصاف کی فراہمی کیلئے کھلی کچہریوں کا سلسلہ شروع کیا گیا ہے۔ آر پی او نے مسجد میں موجود شہریوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پولیس میں کام کرنے والے آفیسرز واہلکاران آپ کے معاشرے کا ہی حصہ ہیں، ہم فاصلوں کو دور کرنا چاہتے ہیں اسی

بقیہ نمبر 25 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ایفا سکول سسٹم

پنجاب گروپ آف کالجز کا تعلیمی منصوبہ

نرسری تا نہم

پرنسپل: محمد سلیمان فاروقی

نزد پنجاب کالج قینچی موڑ احمد پور

اب نئی انتظامیہ کے ساتھ

نرسری تا پنجم

دی ایجوکیٹرز

بیکن ہاؤس سسٹم کا پراجیکٹ

عثمان کیمپس

نزد مسجد العزیز حمزہ ٹاؤن احمد پور شرقیہ

پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن و بہاولپور بورڈ سے الحاق شدہ

پبلک ہائیر سیکنڈری

بوائز اینڈ گرلز

احمد پور سکول

نرسری تا میٹرک

6 کنال رقبہ پر مشتمل سکول کیمپس

پرنسپل: محمد سلیمان فاروقی

بی ایڈ، ایل ایل بی، ایم اے 0300-8688787

القادریہ پبلک سکول (رجسٹرڈ)

(PEF-EVS) پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن

احمد پور شرقیہ کا قدیم سکول 1995ء سے قائم شدہ

Ph.0300-8155716

تحصیل کا پہلا واؤچر سکول جس میں داخلے پر (آپ کے بچے کی مکمل تعلیمی فیس گورنمنٹ ادا کریگی)

(PEF) اپنی واؤچر سکیم کے تحت نرسری سے ایف۔اے تک مفت تعلیم، مفت کتابوں کی سہولیات فراہم کرتا ہے

- خوبصورت بلڈنگ
- صاف ستھرا ماحول
- ہر بچے پر خصوصی توجہ
- بچوں کے جھولے
- دینی تعلیم، قرآن مجید، تفسیر، حدیث کی تعلیم
- لائبریری
- کمپیوٹر لیب

مفت تعلیم	مفت کتابیں	اعلیٰ تعلیم یافتہ اساتذہ

القادریہ پبلک سکول نزد حکیم حسنین کلینک ریلوے روڈ احمد پور شرقیہ

حکیم محمد حسنین چوہان

ماہر امراض معدہ

ماہر امراض مخصوصہ

احمد پور شرقیہ کے سینئر کوالیفائیڈ حکیم

فارغ التحصیل گورنمنٹ کالج بہاولپور

فارغ التحصیل انٹرنیشنل اسلامک یونیورسٹی اسلام آباد

ماہر نباض، نبض دکھائیں، مرض حکیم صاحب خود بتاتے ہیں

امراض معدہ، معدہ آنتوں میں زخم، السر، ورم، معدہ آنتوں کی سوزش، قبض، پیچس، جوڑوں کا درد، شوگر کا یقینی خاتمہ، گردے مثانے کی پتھری بذریعہ دوائی اخراج، سستی، نامردی، جریان، احتلام، بانجھ پن، اولاد کا یقینی ہونا، الرجی، دمہ، ٹائیفائیڈ بخار اور ہر قسم کے مرض کے علاج کیلئے تشریف لائیں

ایڈریس: حسنین کلینک ریلوے روڈ احمد پور شرقیہ 0300-8155716

پنجاب کالج احمد پور شرقیہ

F.SC	F.A	I.C.S	I.COM

(PEF-EVS) پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن

قینچی موڑ ڈیرہ نواب روڈ احمد پور شرقیہ

آپ کے معیار کے مطابق ہر قسم کی بہترین ورائٹی

نیو نشاط

ایک دام

کلاتھ ہاؤس

ڈیلر، گل احمد، الکرم، ڈینسٹی، فردوس کی تمام ورائٹی دستیاب ہے۔

تحصیل بازار احمد پور شرقیہ

پروجیکٹ آف میاں خالد اینڈ سنز

میاں محمد عمر

0331-7567242

ہر موسم کی تمام معیاری کمپنیوں کی گارمنٹس ورائٹی

بابا، بے بی، لیڈیز اینڈ جینٹس،

آپ کے ذوق کے عین مطابق دستیاب ہے

نشاط آؤٹ فٹ

ڈیلر، آکسفورڈ، بونیزہ

ایک دام

جنگو پلازہ

ڈیرہ نواب روڈ احمد پور شرقیہ

پراجیکٹ آف میاں خالد اینڈ سنز

میاں حمزہ خالد

0300-4655291

ورائٹی اور معیار ہماری پہچان

نشاط فیبرکس

ایک دام

ڈیلر، گل احمد، الکرم، ڈینسٹی، فردوس کی تمام ورائٹی دستیاب ہے۔

بالمقابل رسول پلازہ ڈیرہ نواب روڈ احمد پور شرقیہ

پروجیکٹ آف میاں خالد اینڈ سنز

حافظ محمد بلال

0332-6263802

منفرد اور زندہ تحریروں کا شاہکار

روزنامہ

نوائے احمد پور شرقیہ

بہاول پور

تازہ ترین خبروں اور بے لاگ تبصروں کے ساتھ ہر روز آپ کی خدمت میں مقامی، ملکی اور بین الاقوامی مسائل پر جاندار تبصروں ہلکے پھلکے طنز و مزاح، باتصویر، فیچروں منہ بولتے واقعات چیختی چلاتی کہانیوں، منظومات، غزلیات، معیاری مضامین

اور چونکا دینے والا نت نئے انکشافات کیلئے

ہر شمارہ ..... دلچسپ شمار

نوائے احمد پور شرقیہ پڑھیے

نوائے احمد پور شرقیہ آپ کا اپنا اخبار ہے، پرچہ اپنے ہاکر سے طلب کیجئے

دفتر:

روزنامہ نوائے احمد پور شرقیہ، 246C سیٹلائٹ ٹاؤن بلاک Z احمد پور شرقیہ

0301-7740405

بہاولپور: لاہور ہائیکورٹ بہاولپور بنچ کے سینئر جج مسٹر جسٹس سردار احمد نعیم، مسٹر جسٹس جواد حسن، مسٹر جسٹس انوار الحق پنوں، ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج امیر محمد خان اور دیگر مقررین اسلامیہ یونیورسٹی میں ڈائریکٹوریٹ آف کمیونٹی براڈکاسٹ ریڈیو، ٹی وی اینڈ فلم اور شعبہ قانون کے باہمی اشتراک سے ''میڈیا لاز اور پاکستان میں ابلاغ عامہ کے آنتھگس'' کے عنوان پر منعقدہ ایک روزہ سیمینار سے خطاب کر رہے ہیں۔

بہاول پور: جماعت اسلامی پی پی 245 کی جانب سے بھارتی حکمران پارٹی کے ممبر کی جانب سے نبی کریم کی شان میں گستاخی کے خلاف احتجاج کیا جا رہا ہے، دوسری جانب مودی کا پتلا جلایا جا رہا ہے۔

بہاولپور: ایم ڈی پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن اسد نعیم، ڈائریکٹر ایف اے ایس ڈاکٹر افتخار احمد، ڈپٹی منیجنگ ڈائریکٹرز بید الحسن ایڈیشنل ڈائریکٹر ایف اے ایس اشفاق گل، اسسٹنٹ ڈائریکٹر رائے ناصر پیٹ پارٹنر سکول مالکان سے خطاب کر رہے ہیں۔

انجینئر پروفیسر ڈاکٹر اطہر محبوب وائس چانسلر آئی یو پی، پروفیسر ڈاکٹر شازیہ انجم ڈین آف سائنس، ڈاکٹر کیمرون پیٹرے ریکیہ کیمبرج یونیورسٹی اور دیگر گرافک انفارمیشن سسٹم کے حوالے سے تربیتی ورکشاپ سے خطاب کر رہے ہیں۔

نئے نمبر 01

ایم ایف، اقوام متحدہ، ورلڈ بینک اور ایلیمنٹ گروپ آف فنانشل انٹیلی جنس یونٹس شامل تھے۔ فنانشل ایکشن ٹاسک فورس کے برلن میں ہونے والے اجلاس کے اختتام کے بعد میڈیا بریفنگ کے دوران صدر ایف اے ٹی ایف ڈاکٹر مارکس نے بتایا کہ پاکستان نے دیئے گئے اہداف مکمل حاصل کر لیے ہیں۔ یہ پاکستان کی سلامتی اور استحکام کے لیے اچھا ہوگا، گرے لسٹ سے نکلنے کے لیے تمام پوری شرائط پوری کر دی ہیں، ایف اے ٹی ایف کا وفد کورونا کی صورتحال دیکھ کر جلد پاکستان کا دورہ کرے گا، ہماری ٹیم دورہ کے دوران تمام اقدامات کا جائزہ لے گی، پاکستان نے ایف اے ٹی ایف کے 34 نکال پر عملدرآمد کر لیا۔ انہوں نے کہا کہ رکن ممالک نے کارکردگی کو سراہا، گزشتہ دو سال میں ہم نے 5 بار اسد اور دہشت گردی کے اقدامات کا جائزہ لیا، پاکستان نے دونوں ایکشن پلان پر وقت سے پہلے عملدرآمد کیا۔ اسے مزید کچھ کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ فی الحال پاکستان کو گرے لسٹ سے نہیں نکالا جا رہا۔ پاکستان نیاس امر کا مظاہرہ کیا ہے کہ دہشت گردوں کی مالی معاونت اور اقوام متحدہ کی جانب سے دہشت گرد قرار دیے گئے گروہوں کے سینئر رہنماں کے خلاف تحقیقات اور ان کے خلاف مقدمات چلائے جا رہے ہیں۔ منی لانڈرنگ تحقیقات کے حوالے سے بھی پاکستان میں ایک مثبت رجحان دیکھنے میں آیا ہے۔ صدر ایف اے ائی ایف کا کہنا تھا کہ چار روزہ اجلاس میں یو کرین پر روسی حملہ زیر بحث آیا، ایف اے ٹی ایف میں روس کا قائدانہ کردار واپس لیا جا رہا ہے، جبرالٹر کو گرے لسٹ میں ڈال دیا گیا ہے۔ ایف اے ٹی ایف کے رکن ملکوں نے بہت محنت کی ہے، کورونا نے ایف اے ٹی ایف کے اہداف کو متاثر کیا، ایف اے ٹی ایف نے ڈیجیٹل مانیٹرنگ بہتر کی ہے، یہ ایف اے ٹی ایف کا اہم اجلاس تھا۔ فنانشل ایکشن ٹاسک فورس کے فیصلے کے بعد سماجی رابطے کی ویب سائٹ پر سلسلہ وار ٹویٹس میں سابق وزیر اعظم عمران خان نے لکھا کہ پاکستان کو فروری 2018 میں فنانشل ایکشن ٹاسک فورس) ایف اے ٹی ایف (کی طرف سے گرے لسٹنگ کے لیے نامزد کیا گیا تھا اور اس دوران سب سے چیلنجنگ مرحلہ ایکشن پلان مکمل کرنا تھا، پی ٹی آئی حکومت نے اقتدار سنبھالا تو ہمیں ادارے کی طرف سے بلیک لسٹ کیے جانے کے شدید امکانات کا سامنا کرنا پڑا۔ عالمی ادارے کے ساتھ ہماری ماضی کی تاریخ بھی سازگار نہیں تھی۔ انہوں نے لکھا کہ میں نے اپنے سب سے اہم وزیر حماد اظہر کی سربراہی میں فنانشل ایکشن ٹاسک فورس) ایف اے ٹی ایف (کو آرڈینیشن کمیٹی تشکیل دی۔ کمیٹی میں ایکشن پلان سے متعلقہ تمام سرکاری محکموں اور سیکورٹی ایجنسیوں کی نمائندگی تھی۔ بلیک لسٹ ہونے سے بچنے کے لیے افسران نے پہلے دن رات کام کیا۔ پی ٹی آئی چیئرمین نے مزید لکھا کہ اس دوران ایف اے ٹی ایف نے بارہا ہمارے کام کی تعریف کی اور میری حکومت نے سیاسی عزم کا مظاہرہ کیا۔ ہم نے نہ صرف ملک کو بلیک لسٹ ہونے سے بچایا بلکہ 34 میں سے 32 ایکشن پلان کو بھی مکمل کیا۔ ہماری حکومت نے اپریل میں باقی 2 آئٹمز پر تعمیل رپورٹ پیش کی جس کی بنیاد پر ایف اے ٹی ایف نے اب پاکستان کے ایکشن پلان کو مکمل قرار دیا۔ عمران خان نے مزید لکھا کہ مجھے یقین ہے ہمارے ایکشن پلان پر مکمل کام کی تصدیق کے لیے فنانشل ایکشن ٹاسک فورس ٹیم دورہ بھی کامیابی سے گزر جائے گا۔ حماد اظہر، کمیٹی اور دیگر کام کرنے والے افسران نے غیر معمولی کارکردگی کا مظاہرہ کیا۔ پورے ملک کو آپ پر فخر ہے۔ وزیر مملکت برائے خارجہ حنا ربانی کھر نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹویٹر پر لکھا کہ مبارک ہو ! فنانشل ایکشن ٹاسک فورس نے پاکستان کے دونوں ایکشن پلان کو مکمل قرار دیا۔ بین الاقوامی برادری کے متفقہ طور پر ہماری کوششوں کو سراہا ہے۔ ہماری کامیابی 4 سال کے مشکل سفر کا نتیجہ ہے۔ پاکستان اس رفتار کو جاری رکھنے اور معیشت کو فروغ دینے کے عزم کا اعادہ کرتا ہے۔ اپنے ایک ویڈیو بیان میں حنا ربانی کھر نے مزید کہا کہ پاکستان کا وفد فیٹف اجلاس میں شرکت کے لیے تین روز سے جرمنی کے شہر برلن میں موجود ہے، مجھے بتاتے ہوئے خوشی ہے ایف اے ٹی ایف نے پاکستان کو کلیئر کر دیا ہے اور پاکستان کی پرفارمنس کو سراہا ہے، اس کے ساتھ ہمارے گرے لسٹ سے نکلنے کا پراسیس فیٹف کے پروسیجر کے مطابق شروع ہوتا ہے۔ توقع ہے اکتوبر تک گرے لسٹ سے نکلنے کا عمل مکمل ہو جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ اب فیٹف پروسیجر کے مطابق ایک تکنیکی جائزہ ٹیم پاکستان بھیجی جائے گی، ہماری پوری کوشش ہوگی کہ یہ ٹیم اکتوبر 2021 کے فیٹف پلینری سائیکل سے پہلے اپنا کام مکمل کرے اور ہم نے انہیں یقین دہانی کرائی ہے کہ ان کے ساتھ ہر ممکن تعاون کیا جائے گا۔ اس کے ساتھ ہی اکتوبر 2021 میں ہمارا فیٹف گرے لسٹ سے نکلنے کا عمل اختتام کو پہنچے گا۔ میں پوری قوم کو مبارکباد پیش کرتی ہوں، میرے ساتھ برلن میں موجود ٹیم سمیت پاکستان میں تمام اداروں اور وزارتوں نے بہت محنت کی، جسے عالمی ادارے نے تسلیم کر لیا گیا ہے۔ فنانشل ایکشن ٹاسک فورس آن منی لانڈرنگ ایک عالمی ادارہ ہے جو جی 7 ممالک) امریکا، برطانیہ، کینیڈا، فرانس، اٹلی، جرمنی اور جاپان (کی ایما پر بنایا گیا، اس ادارے کا مقصد ان ممالک پر نظر رکھنا اور اقتصادی پابندیاں عائد کرنا ہے جو دہشت گردی کے خلاف عالمی کوششوں میں تعاون نہیں کرتے اور عالمی امن کے لیے خطرہ قرار دیے گئے دہشت گردوں کے ساتھ مالی تعاون کرتے ہیں۔ فنانشل ایکشن ٹاسک فورس کے قیام کا فیصلہ 1989 میں تقریبا 33 سال قبل جی 7 ملکوں نے فرانس میں منعقدہ اجلاس میں کیا تھا، بعد ازاں جی سیون اتحاد کے ممبران کی تعداد 16 ہوئی جو اب بڑھ کر 39 ہو چکی ہے، ایف اے ٹی ایف میں 37 ممالک اور 2 علاقائی تعاون کی تنظیمیں شامل ہیں۔ پاکستان ایف اے ٹی ایف سے وابستہ ایشیا پیسیفک گروپ کا حصہ ہے، اس تنظیم کی براہ راست اور بالواسطہ وسعت 180 ممالک تک ہے۔ ایف اے ٹی ایف ایک ٹاسک فورس ہے جو حکومتوں نے باہمی اشتراک سے تشکیل دی ہے۔ ٹاسک فورس کے قیام کا مقصد منی لانڈرنگ کے خلاف مشترکہ اقدامات تھا، امریکا میں 11 ستمبر 2001 کو ورلڈ ٹریڈ سینٹر پر حملوں کے بعد یہ ضرورت محسوس ہوئی دہشتگردی کیلئے فنڈز کی فراہمی کی بھی روک تھام کے لیے مشترکہ اقدامات کی ضرورت ہے، جس کے بعد اکتوبر 2001 میں ایف اے ٹی ایف کے مقاصد میں منی لانڈرنگ کے ساتھ ساتھ دہشت گردی کی فنانسنگ کو بھی شامل کر لیا گیا۔ اپریل 2012 میں بڑے پیمانے پر ہتھیاروں کی فنانسنگ پر نظر رکھنے اور اس کی روک تھام کے اقدامات پر عملدرآمد کروانے کی ذمہ داری اسی ٹاسک فورس کے سپرد کی گئی۔ ایف اے ٹی ایف منی لانڈرنگ اور دہشت گردی کی فنانسنگ کے حوالے سے دنیا بھر میں یکساں قوانین لاگو کروانے اور ان پر عمل کی نگرانی کرنے کا فریضہ سرانجام دیتی ہے۔ اس کی کوشش ہے کہ اس کے ہر رکن ملک میں مالیاتی قوانین کی یکساں تعریف پر عملدرآمد کیا جائے اور ان پر یکساں طور پر عمل بھی کیا جائے تا کہ دنیا میں لوٹ کھسوٹ سے حاصل ہونیوالی دولت کی نقل وحرکت کو مشکل ترین بنا دیا جائے اور لوگوں کیلئے اس قسم کی دولت رکھنا ناممکن بن جائے۔ ایف اے ٹی ایف نے اپنے قیام کے پہلے 2 برسوں میں تیزی سے کام کیا اور 1990 تک تجاویز کا پہلا مسودہ تیار کیا۔ بعد ازاں 1996، 2001، 2003 اور 2012 میں یہ اپنی دیگر تجاویز بھی پیش کر چکی ہے۔

نئے نمبر 02

اور ایگزیکٹو ڈائریکٹر میجر جنرل پروفیسر امیر اکرام سے ملاقات کی۔ اس موقع پر ڈائریکٹر ہیلتھ پروجیکٹ ڈاکٹر فضل محمود بھی موجود تھے۔ دورے کے دوران دونوں اداروں کے مابین ہیلتھ ایجوکیشن، تربیت اور تکنیکی تعاون پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر سانپ کے زہر کے تریاق کے لیے سنیک وینم سریپ کی تیاری میں اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور سے تحقیق میں تعاون پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ وائس چانسلر نے بائیولوجیکل سکریم لیبارٹری کا بھی دورہ کیا اور اس کی تیاری کا مشاہدہ کیا۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ زہریلے سانپوں کے کاٹنے کے لیے یہ تریاق 70 فیصد اسی لیبارٹری میں تیار ہوتا ہے اور باقی 30 فیصد برآمد کیا جاتا ہے۔ اس موقع پر دونوں جانب سے باہمی تعاون اور اشتراک کا عندیہ کیا گیا۔

نئے نمبر 03

شہباز نے کہا کہ مہنگائی کے باعث عام آدمی کی مشکلات کا ادراک ہے اور میری اولین ترجیح ہے کہ عام آدمی پر معاشی بوجھ کم کیا جا سکے۔ سبزیوں کی دستیابی اور قیمتوں میں استحکام کیلئے ہر ضلع میں باقاعدگی سے فیلڈ وزٹ کئے جائیں۔ ڈپٹی کمشنرز اور پرائس کنٹرول مجسٹریٹس اشیائے ضروریہ کی مقرر کردہ نرخوں پر دستیابی یقینی بنائیں۔ وزیر اعلی حمزہ شہباز نے ہدایت کی کہ ڈپٹی کمشنرز کو منڈیوں میں نیلامی کے عمل کو خود مانیٹر کریں۔ فیلڈ وزٹ کا مستند ڈیٹا ڈیش بورڈ پر اپ لوڈ ہونا چاہیئے۔ فیلڈ وزٹ اور دیگر متعلقہ ڈیٹا میں مطابقت ہونی چاہیئے۔ وزیر اعلی حمزہ شہباز نے کہا کہ پرائس کنٹرول کے حوالے سے فیلڈ وزٹ نہ کرنے والے افسروں کو جوابدہ ہونا پڑے گا۔ پرائس کنٹرول کے حوالے سے ہر اقدام کی خود مانیٹرنگ کر رہا ہوں۔ سستے آٹے کی فراہمی پر 200 ارب روپے کی سبسڈی دی ہے، اس کی ایک ایک پائی عام آدمی تک پہنچنی چاہیئے۔ سستے آٹے کی کوالٹی پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا۔ وزیر اعلی حمزہ شہباز نے ہدایت کی کہ آٹے اور گندم کی سمگلنگ روکنے کیلئے پنجاب کے خارجی راستوں کی کڑی نگرانی کی جائے۔ وزیر اعلی پنجاب حمزہ شہباز کی زیر صدارت پرائس کنٹرول کے حوالے سے خصوصی اجلاس منعقد ہوا جس میں سردار اویس احمد خان لغاری، بلال یاسین، ڈیشان رفیق، پولیٹیکل اسسٹنٹس، چیف سیکرٹری اور متعلقہ محکموں کے سیکرٹریز نے شرکت کی جبکہ کمشنرز اور ڈپٹی کمشنرز ویڈیو لنک کے ذریعے اجلاس میں شریک ہوئے۔

نئے نمبر 04

اسلام آباد: وزیر اعظم شہباز شریف سے وفاقی وزیر برائے صنعت و پیداوار مخدوم مرتضی محمود، سیکرٹری وزارت صنعت و پیداوار امداد اللہ سیال ملاقات کر رہے ہیں۔

بہاول پور: جمعۃ المبارک کے حوالے پولیس کے جوان مساجد پر ڈیوٹی سرانجام دیتے ہوئے۔

اسلامیہ یونی ورسٹی بہاولپور کی لٹریری سوسائٹی کے محمد احمد سعید نے ہائر ایجوکیشن کمیشن کے زیر اہتمام یوم آزادی کی مناسبت سے منعقدہ آل پاکستان اردو شاعری مقابلے میں دوسری پوزیشن حاصل کی۔

اوچشریف شہر میں احمد پور شرقیہ روڈ، علی پور روڈ اور خیر پور ڈاہا روڈ سمیت دیگر مصروف ترین گنجان آباد شاہراہوں پر موجود ٹی آر، گارڈر اور بجری سمیت دیگر تعمیراتی کاروبار سے وابستہ افراد نے سڑک کنارے اپنی دوکانوں کے آگے تعمیراتی سامان رکھنا شروع کر دیا جس سے ٹریفک کی روانی میں خلل پڑنے لگا ٹریفک جام رہنا معمول بن گیا جس سے گاڑی سوار افراد سمیت پیدل راہ گیروں کو بھی آمدورفت میں شدید دقت و پریشانی کا سامنا ہے جبکہ حادثات کا بھی خدشہ بڑھنے لگا ہے جس کی وجہ سے شہریوں میں شدید تشویش پائی جاتی ہے اور انہوں نے ارباب اختیار سے فوری نوٹس لیتے ہوئے اصلاح احوال کا مطالبہ کیا ہے#

نئے نمبر 18

میں اسپتال منتقل کر دیا گیا ہے۔ پولیس کے مطابق متاثرہ لڑکی نوکری کے حصول کیلئے ریسٹورنٹ گئی تھی جہاں ملزمان کی طرف سے لڑکی کے ساتھ زیادتی کی کوشش کی گئی، پولیس کا کہنا ہے دو لڑکیوں سمیت پانچ ملزمان پر مشتمل گروہ لڑکیوں سے زیادتی میں ملوث ہے۔ پولیس نے بتایا کے ملزمان ضرورت مند لڑکیوں کو ملازمت کا جھانسہ دے کر بلاتے ہیں اور مختلف طریقوں سے بلیک میلنگ کے بعد زیادتی پر مجبور کرتے ہیں، متاثرہ لڑکی کے بیان کی روشنی میں تحقیقات کا آغاز کر دیا گیا ہے، لڑکی کا کہنا ہے کے دیگر متاثرہ لڑکیاں بھی موجود ہیں لیکن عزت کے ڈر سے خاموش ہیں۔

نئے نمبر 19

نئے نمبر 20

نئے اوقات کار جاری کر دیے گئے۔ ریلوے کے تمام دفاتر پیر سے ہفتہ چھ روز تک کھلے رہیں گے، پیر سے جمعرات اور ہفتے کے روز ریلوے دفاتر صبح 8 بجے سے شام 3 بجے تک کھلے رہیں گے جبکہ جمعہ کے روز ریلوے کے تمام دفاتر میں صبح 8 بجے سے 1 بجے تک ورکنگ ہوگی۔ وزارت ریلوے کی جانب سے ہفتے میں چھ روز کام کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ وفاقی حکومت کی جانب سے تمام وفاقی اداروں کی ہفتے کی چھٹی بحال کر دی گئی تھی تاہم وزارت ریلوے نے اپنی جانب سے

نئے نمبر 21

دانیال عزیز کی حالت بہتر ہے، ان کے سٹی اسکین سمیت دیگر ضروری ٹیسٹ کروائے گئے ہیں، پرنسپل سمز کی زیر نگرانی دانیال عزیز کے لیے میڈیکل بورڈ بھی بنا دیا گیا ہے۔ خیال رہے کہ مسلم لیگ ن کے رہنما دانیال عزیز کو شدید زخمی حالت میں ضلعی ہسپتال نارووال منتقل کیا گیا۔ ڈاکٹرز کی جانب سے بتایا گیا ہے کہ دانیال عزیز کا ایک بازو ٹوٹ گیا جبکہ جسم کے مختلف حصوں پر شدید چوٹیں بھی آئیں جب کہ ریسکیو حکام کی جانب سے بتایا گیا ہے کہ حادثے میں ایک شخص جاں بحق ہو گیا۔ معلوم ہوا ہے کہ دانیال عزیز اپنی گاڑی خود ڈرائیور کر رہے تھے، جبکہ سامنے سے آنے والا ٹرک ٹائر پھٹ جانے کے باعث لیگی رہنما کی گاڑی سے آ ٹکرایا، حادثہ اس قدر شدید تھا کہ دانیال عزیز کی گاڑی مکمل طور پر تباہ ہوگئی، حادثے کے بعد لیگی رہنما کو بمشکل گاڑی سے باہر نکالا گیا، حادثے کے بعد وزیر اعظم شہباز شریف اور وزیر اعلی پنجاب حمزہ شہباز نے دانیال عزیز کی اہلیہ سے رابطہ کر کے حادثے پر افسوس کا اظہار کیا۔

نئے نمبر 22

اورنگزیب نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ عمران خان خود بنی گالہ میں چھپ کر بیٹھے ہیں اور عوام کو سڑکوں پر بلا رہے ہیں۔ عمران خان عوام کو احتجاج کی کال نہ دیں بلکہ اپنی نالائقی اور نااہلی کا ماتم کریں۔ انہوں نے کہا کہ عوام نااہل کے ساتھ نہیں نکلتے اور آئین شکنوں کی کال پر تو کوئی بھی نہیں نکلتا۔ مریم اورنگزیب نے کہا کہ عمران خان معاشی تباہی کی ذمہ داری کا اعتراف کر کے معافی مانگیں۔ ہم عمران خان کی مہنگائی کی لگائی آگ کو بجھائیں گے۔ واضح رہے کہ گزشتہ روز چیئرمین پاکستان تحریک انصاف عمران خان نے اتوار کو ملک بھر میں احتجاجی مظاہروں کا اعلان کیا ہے۔

نئے نمبر 23

الٰہی بیئنہ منی لانڈرنگ کیس میں دوسری بار ایف آئی اے میں پیش ہوئے اور ایک صفحے پر مشتمل تحریری جواب جمع کرایا۔ اپنے جواب میں مونس الٰہی کا کہنا تھا کہ وہ نواز بھٹی اور مظہر عباس کو نہیں جانتے، حلفیہ کہتے ہیں کہ کسی مالی فراڈ میں ملوث نہیں، ایف آئی آر میں الزامات جھوٹے اور بیبنامہ ہیں، شوگر ملز میں قانون کے مطابق حصہ ڈالا اور ریٹرنز بھی جمع کرائے۔ ایف آئی اے نے مونس الٰہی کو 39 سوالات پر مشتمل سوالنامہ دیا جس میں کہا گیا ہے کہ شوگر ملز کے ذریعے منی لانڈرنگ کی گئی، ملازمین کے ذریعے منی لانڈرنگ سے آپ اور خاندان کے افراد کو فائدہ پہنچایا گیا۔ مونس الٰہی سے پوچھا گیا کہ محمد خان بھٹی، نواز بھٹی اور مظہر عباس سے آپ کا کیا تعلق ہے، محمد خان بھٹی کے بھتیجے واجد بھٹی اور کزن نواز بھٹی سے کیا تعلق ہے، نواز بھٹی کی تاریخ پیدائش کو جعلسازی سے تبدیل کر کے سرکاری آئیگا بلکہ اس کا براہ راست اثر غریب عوام پر پڑے گا۔

نئے نمبر 24

نئے نمبر 05

مقامی سطح پر ٹیمتوں میں کمی آئے گی۔ وزیر اعظم شہباز شریف سے وزیر صنعت و پیداوار مخدوم مرتضی محمود اور سیکرٹری امداد اللہ بوسال نے ملاقات کی جس میں وزیر اعظم نے وزیر صنعت و پیداوار کا خوردنی تیل کی درآمد کیلئے ذاتی خرچے پر انڈونیشیا کے دورے کو قابل ستائش قرار دیتے ہوئے کہا کہ بروقت درآمد سے ملک میں خوردنی تیل کے متوقع بحران کے خطرے کا سدباب ہوا، خوردنی تیل کے کارگو کی آمد سے تیل کی قیمتوں میں کمی واقع ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی وزیر صنعت و پیداوار اور سیکرٹری کی کوششیں قابل ستائش ہیں، وزیر صنعت کی کوششوں کی بدولت انڈونیشیا سے اڑھائی لاکھ میٹرک ٹن (10 بحری جہاز) پاکستان کو فراہم کئے جا رہے ہیں، بحری جہازوں کی پہلی کھیپ وزیر صنعت و پیداوار کی انڈونیشیا میں موجودگی کے دوران ہی پاکستان روانہ کر دی گئی تھی۔

نئے نمبر 06

ایبٹ آباد، ہری پور، چارسدہ، شبیر، مردان، دیر بالا، لوئر دیر، مالاکنڈ، فیصل آباد، چکوال سمیت مختلف علاقوں میں بھی زلزے کے شدید جھٹکے محسوس کیے گئے۔ زلزلے کے شدید جھٹکوں کے باعث لوگ کلمہ طیبہ کا ورد کرتے ہوئے گھروں اور دفاتر سے باہر نکل آئے۔ زلزلہ پیما مرکز کے مطابق ریکٹر اسکیل پر زلزلے کی شدت 5 ریکارڈ کی گئی اور زلزلے کی گہرائی 218 کلومیٹر تھی، زلزلے کا مرکز افغانستان تاجکستان بارڈر ریجن تھا۔ ریسکیو 1122 ذرائع کے مطابق تا حال کسی جانی نقصان کی اطلاعات موصول نہیں ہوئیں۔

نئے نمبر 07

سے گفتگو کرتے ہوئے دانیال عزیز کی اہلیہ مہناز اکبر نے کہا کہ سروسز اسپتال کے ڈاکٹرز اچھا علاج کر رہے ہیں، ہمیں اس وقت عوام کی دعاؤں کی ضرورت ہے، ہمارے بہتر ہیں۔ ادھر سروسز ہسپتال کے ایم ایس ڈاکٹر عامر مفتی نے کہا کہ دانیال عزیز کی حالت بہتر ہے، ان کے سٹی اسکین سمیت دیگر ضروری ٹیسٹ کروائے گئے ہیں، پرنسپل سمز کی زیر نگرانی دانیال عزیز کے لیے میڈیکل بورڈ بھی بنا دیا گیا ہے۔ خیال رہے کہ مسلم لیگ ن کے رہنما دانیال عزیز گزشتہ رات خوفناک ٹریفک حادثے کا شکار ہو گئے تھے، نارووال میں پیش آئے حادثے کے بعد سابق رکن قومی اسمبلی کو تشویش ناک حالت میں ہسپتال منتقل کیا گیا، حادثہ اس وقت پیش آیا جب پاکستان مسلم لیگ ن کے رہنما اور سابق رکن قومی اسمبلی دانیال عزیز جمعرات کی رات اپنے آبائی حلقے نارووال جا رہے تھے کہ اس دوران دانیال عزیز کی گاڑی تیز رفتار ٹرک سے ٹکرا گئی، جس کے نتیجے میں ناصرف ان کی گاڑی کو شدید نقصان پہنچا وہ خود بھی شدید زخمی ہو گئے، حادثے کے بعد دانیال عزیز کو شدید زخمی حالت میں ضلعی ہسپتال نارووال منتقل کیا گیا۔ ڈاکٹرز کی جانب سے بتایا گیا کہ دانیال عزیز کا ایک بازو ٹوٹ گیا، ان کے جسم کے مختلف حصوں پر شدید چوٹیں بھی آئیں، اس حادثے میں ایک شخص جاں بحق ہو گیا۔ معلوم ہوا ہے کہ دانیال عزیز اپنی گاڑی خود ڈرائیور کر رہے تھے جب کہ سامنے سے آنے والا ٹرک ٹائر پھٹنے کے باعث لیگی رہنماء کی گاڑی سے آ ٹکرایا، حادثہ اس قدر شدید تھا کہ دانیال عزیز کی گاڑی مکمل طور پر تباہ ہوگئی، حادثے کے بعد لیگی رہنما کو بمشکل گاڑی سے باہر نکالا گیا جب کہ وزیر اعظم شہباز شریف اور وزیر اعلی پنجاب حمزہ شہباز نے دانیال عزیز کی اہلیہ سے رابطہ کر کے حادثے پر افسوس کا اظہار کیا

نئے نمبر 08

وفات پا گئیں تھیں۔ پی پی رہنما فوزیہ وہاب کی شخصیت کے کئی پہلو تھے، جن میں سیاست کے علاوہ سماجی اور انسانی حقوق بھی نمایاں ہے۔ فوزیہ وہاب انیس سو چھپن میں کراچی میں پیدا ہوئیں۔ صحافی وہاب صدیقی سے شادی کے بعد وہ ایک گھریلو خاتون کی طرح زندگی گزارتی رہیں، حسینہ معین کے ایک ڈرامہ میں بھی کام کیا۔ وہاب صدیقی کے انتقال کے بعد انہوں نے ڈاکٹر اطہر حسین سے شادی کی۔ اس دوران سیاست کا رخ کیا اور پیپلز پارٹی ان کا انتخاب ٹھہری۔ بینظیر بھٹو فوزیہ وہاب سے خاصی متاثر تھیں۔ انہوں نے فوزیہ کو شعبہ خواتین کا سیکرٹری اطلاعات مقرر کیا اس کے علاوہ فوزیہ وہاب انسانی حقوق سیل کی کوآرڈینیٹر بھی رہیں۔ سال دو ہزار دو اور دو ہزار آٹھ کے انتخابات میں فوزیہ وہاب کو خواتین کی مخصوص نشست پر کامیابی حاصل ہوئی۔ انہوں نے شیری رحمان کی جگہ شعبہ اطلاعات کی سیکرٹری کی ذمہ داری بھی سنبھالی۔ چھپن سالہ فوزیہ وہاب نے اپنے سیاسی کیریئر میں وفاداری تبدیل نہ کی لیکن زندگی نے ان سے وفا نہ کی، دو ہزار بارہ میں پتے کے مرض میں مبتلا فوزیہ وہاب کی حالت سرجری کے بعد بگڑ گئی اور وہ کومہ میں چلی گئیں جس کے بعد سترہ جون دو ہزار بارہ کو وہ وفات پا گئیں۔

نئے نمبر 09

شیخ محمد نعیم پاشا کی قیادت میں ملاقات کی۔ ملاقات کرنے والوں میں سابق صدر حافظ محمود احمد شاد، نائب صدر چوہدری حسیب سرور کے علاوہ ایگزیکٹو ممبران اور دیگر بھی شامل تھے۔ وفد نے گورنر پنجاب کو ہاڑی چیمبر کو درپیش مسائل سے آگاہ کیا۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے گورنر پنجاب محمد بلیغ الرحمان نے کہا کہ ملکی معیشت کی مضبوطی اور استحکام کے لئے کاروباری سرگرمیوں کا فروغ ناگزیر ہے۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ حکومت کم وسائل اور مسائل زیادہ ہونے کے باوجود ملک کو درپیش مشکلات سے نکالنے کے لئے پرعزم ہے اور وسائل کا بہترین استعمال یقینی بنا کر ان کو عوام کی ترقی اور خوشحالی کے لئے استعمال کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مجھے خوشی ہوئی ہے کہ جنوبی پنجاب سے پہلا چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کا وفد ملاقات کے لیے آیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پچھلے دنوں فیڈل چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے وفد نے بھی ان سے ملاقات کی اور انہوں نے ان کے مسائل حل کے لیے سفارشات اعلی حکومتی حلقوں تک پہنچائیں۔ انہوں نے کہا کہ صوبے کے آئینی سربراہ کی حیثیت سے میری ذمہ داری ہے کہ ان کے مسائل کے حل کے لیے سفارشات آگے پہنچانا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سفارشات میں سے کچھ پر فوری عملدرآمد بھی ہوا ہے۔ گورنر پنجاب محمد بلیغ الرحمان نے کہا کہ بزنس کمیونٹی ملک کی معیشت میں اہم کردار ادا کرنے کے ساتھ ساتھ فلاحی کاموں میں بھی بڑھ چڑھ کر حصہ لے رہی ہے جو کہ قابل ستائش ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت نے مشکل حالات کے باوجود معاشرے کے تمام طبقوں کے لئے ایک متوازن بجٹ دیا ہے۔ اس موقع پر وفد نے گورنر پنجاب کو ہاڑی چیمبر کے لیے جگ، گیس بجلی، دوطرفہ سڑک کی فراہمی، ڈیولپمنٹ سیکٹر میں ہاسنگ کالونیوں کی منظوری، رجسٹری پر عائد پابندی سمیت دیگر مسائل سے آگاہ کیا۔ گورنر پنجاب نے ان کے مسائل اور سفارشات کو متعلقہ اعلی حکومتی حلقوں تک پہنچانے کی یقین دہانی کرائی۔ وفد نے حکومت کا بیج پر جنرل سیلز ٹیکس ختم کرنے کے اقدام کو سراہا۔

نئے نمبر 10

پھوڑ، سرکاری املاک کو نقصان پہنچانے، پولیس پر تشدد کرنے کے معاملے پر پاکستان تحریک انصاف کے رہنماؤں کی عبوری ضمانتوں میں 28 جون تک توسیع کا حکم دے دیا۔ عدالت کے باہر پی ٹی آئی رہنماؤں اور کارکنوں کی جانب سے شدید نعرے بازی کی گئی، کارکنوں کی جانب سے لاٹھی گولی کی سرکار نہیں چلے گی نہیں چلے گی کے نعرے لگائے گئے۔ ملزمان کی جانب سے وکیل برہان معظم ملک نے دلائل مکمل کیے، انسداد دہشت گردی عدالت میں پی ٹی آئی رہنما جمشید اقبال چیمہ، حماد اظہر، ڈاکٹر یاسمین راشد، شفقت محمود پیش ہوئے۔ پی ٹی آئی رہنما اعجاز چوہدری، میاں محمود الرشید، میاں اسلم اقبال، زبیر نیازی، ندیم عباس بارا سمیت دیگر بھی عدالت میں پیش ہوئے، پی ٹی آئی رہنماوں نے تھانہ شاہدرہ اور گلبرگ میں درج مقدمہ میں ضمانتیں دائر کیں اور انسداد دہشت گردی عدالت کی جج عہر گل خان نے ضمانتوں پر ساعت کی۔

نئے نمبر 11

کی ہدایات پر بیٹ نمبر 14 ریناله خورد میں لین ڈسپلن کی خلاف ورزی کرنے والی گاڑیوں اور سیفٹی ہیلمٹ پہنے بغیر ہائی وے پر سفر کرنے والے موٹر سائیکل سواروں کے خلاف خصوصی مہم کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ ترجمان موٹروے پولیس کے مطابق عوام کو روڈ سیفٹی کے اصولوں سے متعلق آگاہی کے ساتھ لین ڈسپلن کی خلاف ورزی کرنے والی گاڑیوں اور سیفٹی ہیلمٹ پہنے بغیر ہائی وے پر سفر کرنے والے موٹر سائیکل سواروں کو قانون کے مطابق جرمانے کئے جائیں گے۔ ان کو بریفنگ بھی دی جائیگی تا کہ شاہراہوں سے حادثات کا خاتمہ ہو سکے۔ ہائی وے پر زیادہ تر حادثات موٹر سائیکل کی وجہ سے ہوتے ہیں، لین وزری خطرناک حادثات کا سبب بنتی ہے۔ لین وائیلیشن پر فوری اور سخت کارروائی کی جائے گی۔ خصوصی مہم کے دوران مستحق موٹر سائیکل سواروں کو مفت ہیلمٹ بھی دیئے گئے۔

نئے نمبر 12

استحکام کیلئے اپنی جی ڈی پی کے 2.2 فیصد کے برابر اقدامات کیے ہیں۔ پاکستان اور آئی ایم ایف کے درمیان قرضہ پروگرام کی بحالی کیلئے اب تک تین دور ہو چکے ہیں، ان میں دو ادوار موجودہ حکومت کے ساتھ ہوئے ہیں۔ اس کے علاوہ کئی آن لائن رابطے بھی ہوتے رہے ہیں لیکن ذرائع کا کہنا ہے کہ آئی ایم ایف نے ج